## ایم کیوایم کے قائد الطاف حسین اور جے یو آئی کے سربراہ مولانا فضل الرحمٰن کے درمیان ٹیلیفون پر اہم اور تفصیلی گفتگو

## جے یو آئی کی وفاقی حکومت سے علیحدگی، جے یو آئی اور ایم کیوایم کے ساتھ حکومت کے غیر مناسب رویہ اور ملک کی تیزی سے بدلتی ہوئی سیاسی صورتحال کے بارے میں تفصیلی تبادلہ خیال

## حکومت کا اپنی اتحادی جماعتوں کے ساتھ رویہ انتہائی غیر مناسب ہے جو سیاسی معاملات میں تلخیوں کو جنم دے رہا ہے، دونوں رہنماؤں میں اتفاق

## دونوں رہنماؤں میں ایم کیوایم اور جے یو آئی کے درمیان تعلقات کو مستحکم کرنے اور آپس میں رابطوں کو مزید بڑھانے پر اتفاق

لندن۔۔۔16 دسمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین اور جمعیت علمائے اسلام (ف) کے سربراہ مولانا فضل الرحمٰن کے درمیان جمعرات کی شام ٹیلیفون پر اہم اور تفصیلی گفتگو ہوئی ۔گفتگو میں جے یو آئی کی وفاقی حکومت سے علیحدگی، جے یو آئی اور ایم کیوایم کے ساتھ حکومت کے غیر مناسب رویہ اور ملک کی تیزی سے بدلتی ہوئی سیاسی صورتحال کے بارے میں تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ بات چیت میں دونوں رہنماؤں نے اس بات پر اتفاق کیا کہ مخلوط حکومت میں شامل جماعتوں کے درمیان باہمی احترام لازمی امر ہوتا ہے لیکن یہ امر افسوسناک ہے کہ حکومت کا اپنی اتحادی جماعتوں کے ساتھ رویہ انتہائی غیر مناسب ہے جو سیاسی معاملات میں تلخیوں کو جنم دے رہا ہے۔ دونوں رہنماؤں نے اس بات پر اتفاق کیا کہ ملک کی موجودہ صورتحال اس امر کا تقاضہ کرتی ہے کہ تمام محبّ وطن سیاسی جماعتیں ہر قسم کی مصلحت سے بالاتر ہو کر ملک کے عظیم تر مفاد اور جمہوریت کی بقاء کیلئے کام کریں اور آپس میں اتفاق رائے پیدا کریں۔ دونوں رہنماؤں نے ایم کیوایم اور جے یو آئی کے درمیان تعلقات کو مستحکم کرنے اور آپس میں رابطوں کو مزید بڑھانے پر اتفاق کیا۔ جناب الطاف حسین اور مولانا فضل الرحمٰن کے درمیان ملک کو درپیش عالمی چیلنجز پر بھی تبادلہ خیال ہوا اور دونوں رہنماؤں نے اس بات پر اتفاق کیا کہ وقت آ گیا ہے کہ پاکستان حقیقی معنوں میں خودمختار ہو اور اپنے فیصلے کرنے میں آزاد ہو اور تمام بیرونی ممالک پاکستان کی آزادی، خودمختاری اور عزت و وقار کا احترام کریں۔ مولانا فضل الرحمٰن نے ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین سے ڈاکٹر عمران فاروق کی شہادت پر اظہار تعزیت کرتے ہوئے ان کے بلند درجات کیلئے دعا بھی کی ۔

## ایم کیوایم کے قائد الطاف حسین اور مسلم لیگ ق کے صدر چوہدری شجاعت حسین اور سیکریٹری جنرل سینیٹر مشاہد حسین کے درمیان فون پر تفصیلی بات چیت

## ملک کی بدلتی ہوئی سیاسی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال، آپس میں رابطے جاری رکھنے پر اتفاق

## ملک کی موجودہ نازک صورتحال تمام محبّ وطن قوتوں سے جراتمندانہ مؤقف کا تقاضہ کرتا ہے۔ الطاف حسین اور چوہدری شجاعت حسین میں اتفاق

لندن۔۔۔16 دسمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین اور پاکستان مسلم لیگ ق کے صدر چوہدری شجاعت حسین اور مسلم لیگ کے سیکریٹری جنرل سینیٹر مشاہد حسین کے درمیان فون پر تفصیلی بات چیت ہوئی ۔ جناب الطاف حسین اور چوہدری شجاعت حسین کے درمیان ملک کی بدلتی ہوئی سیاسی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال ہوا۔ دونوں رہنماؤں کے درمیان اس بات پر اتفاق کیا گیا کہ ملک کی موجودہ نازک صورتحال کا تقاضہ ہے کہ ملک کی موجودہ نازک صورتحال تمام محبّ وطن قوتوں سے جراتمندانہ مؤقف کا تقاضہ کرتا ہے لہٰذا ملک کی نازک صورتحال کا تقاضہ ہے کہ تمام سیاسی قوتیں اپنے اپنے سیاسی مفادات کو بالائے طاق رکھ کر ملک اور عوام کے اجتماعی مفادات کو اولیت دیں اور اس سلسلے میں کسی قربانی سے دریغ نہ کیا جائے۔ دونوں رہنماؤں نے ایک دوسرے کی خیریت دریافت کی اور آپس میں رابطے جاری رکھنے پر اتفاق کیا۔

## ایم کیوایم کے قائد الطاف حسین اور مسلم لیگ ہم خیال گروپ کے رہنما اور سابق وزیر خارجہ خورشید قصوری کی ٹیلیفون پر گفتگو

## سیاسی صورتحال، ملک کو درپیش چیلنجز، عالمی حالات و واقعات اور جغرافیائی صورتحال پر تبادلہ خیال

لندن۔۔۔16 دسمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین اور پاکستان مسلم لیگ ہم خیال گروپ کی اسٹیئرنگ کمیٹی کے چیئرمین اور سابق وزیر خارجہ خورشید قصوری کے مابین ٹیلیفون پر گفتگو ہوئی۔ بات چیت میں ملک کی مجموعی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ بات چیت میں سیاسی صورتحال کے ساتھ ساتھ ملک کی تیزی سے بگڑتی ہوئی معاشی صورتحال، ملک کو درپیش چیلنجز، عالمی حالات و واقعات اور جغرافیائی صورتحال پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا اور اس بات پر اتفاق کیا گیا کہ تمام محبّ وطن سیاسی قوتوں کو اتحاد و یکجہتی سے کام کرنا چاہیے

## ایم کیوایم کے قائد الطاف حسین کی ملک کے ممتاز فنکار جمیل فخری سے فون پر انکے بیٹے ایاز فخری کے قتل پر تعزیت

## مجھے آپکے بیٹے کے بہیمانہ قتل کا دلی دکھ ہے اوراس سانحہ پر مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ اور آپکے غم میں برابر کے شریک ہیں۔الطاف حسین

## آپ نے مشکل وقت میں دینی اوراخلاقی طور پر میری جس طرح مدد فرمائی اس سے مجھے بہت ڈھارس ملی ہے۔جمیل فخری

لندن۔۔۔16دسمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ملک کے ممتاز فنکار جمیل فخری سے فون پر ان کے بیٹے ایاز فخری کے قتل پر تعزیت کی۔اس موقع پر جمیل فخری سے گفتگو کرتے ہوئے جناب الطاف حسین نے کہا کہ مجھے آپکے بیٹے کے بہیمانہ قتل کا دلی دکھ ہے اوراس سانحہ پر مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ اور آپکے غم میں برابر کے شریک ہیں۔جمیل فخری نے جناب الطاف حسین سے گفتگو کرتے ہوئے آپ نے مشکل وقت میں دینی اوراخلاقی طور پر میری جس طرح مدد فرمائی اور جس طرح میرا دکھ بیان کیا ہے اس سے مجھے بہت ڈھارس ملی ہے۔انہوں نے جناب الطاف حسین سے کہا کہ آپ جس طرح فنکاروں اور دیگر تمام مظلوم ہم وطنوں کا جتنا درد رکھتے ہیں اس نے عوام کے دل موہ لئے ہیں۔اللہ تعالیٰ آپ کو وطن کے لوگوں کا نجات دہندہ بنا کے رکھے۔جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ ایاز فخری مرحوم کی مغفرت فرمائے اور انہیں جنت الفردوس میں جگہ دے۔

## سید الشہداء حضرت امام حسینؓ،اہل بیت اوران کے رفقاء نے میدان کربلا میں جولازوال قربانیاں دیں

## وہ رہتی دنیا تک حق پرستی کے علمبرداروں کیلئے مشعل راہ بنی رہے گی،الطاف حسین

لندن۔۔۔16،دسمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ سید الشہداء حضرت امام حسینؓ،اہل بیتؓ اوران کے رفقاء نے میدان کربلا میں حق کی راہ میں لازوال قربانیاں دیکر صبر واستقامت،عزم وہمت،ایثار وقربانی اور ثابت قدمی کی ایسی مثال قائم کی ہے جو رہتی دنیا تک حق پرستی کے علمبرداروں کیلئے مشعل راہ بنی رہے گی۔یوم عاشور پر اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ واقعہ کربلا حق اور سچ کی راہ میں بڑی سے بڑی قربانی دینے کا درس دیتا ہے اور نواسہ رسول ﷺ حضرت امام حسینؓ،اہل بیت اوران کے رفقاء نے حق کی خاطر سر کٹانا قبول کرلیا لیکن باطل پرست ظالم وجابر قوتوں کے آگے سر خم نہیں کیا۔انہوں نے کہا کہ واقعہ کربلا دنیا بھر میں راہ حق پرست چلنے والے تمام حق پرستوں کیلئے مشعل راہ ہے اور یہ پیغام ہے کہ حق کی راہ میں کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کرنا چاہئے۔انہوں نے کہا کہ سید الشہداء حضرت امام حسینؓ اور اہل بیت سے سچی محبت وعقیدت کا تقاضہ ہے کہ ان کی تعلیمات اور زریں اصولوں کی پیروی کی جائے۔جناب الطاف حسین نے تمام مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے عوام سے اپیل کی کہ وہ یوم عاشور کے موقع پر اپنے درمیان اتحاد و بھائی چارے کو برقرار رکھیں اور سازشی عناصر پر کڑی نظر رکھیں۔انہوں نے علمائے کرام سے بھی اپیل کی کہ وہ محرم الحرام میں فرقہ وارانہ ہم آہنگی برقرار رکھنے کیلئے اپنا بھرپور عملی کردار ادا کریں۔

## ایم کیوایم کی جانب سے 9محرم الحرام اور یوم عاشور کے موقع پر نکلنے والے مرکزی ماتمی

## جلوسوں کی گزرگاہوں پر طبی کیمپ،استقبالیہ کیمپ اور شربت اور پانی کی سبیلیں قائم کردی گئیں

کراچی۔۔۔16،دسمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے زیر اہتمام ہر سال کی طرح امسال بھی یوم عاشور کے موقع پر کراچی سمیت ملک بھر میں 9محرم الحرام کی شب اور 10 محرم الحرام کے موقع پر مختلف علاقوں سے برآمد ہونے والے مرکزی ماتمی جلوسوں کی گزرگاہوں پر بڑی تعداد میں طبی کیمپ،استقبالیہ کیمپ اور شربت اور پانی کی سبیلیں قائم کردی گئی۔یوم عاشور کے سلسلے میں ایم اے جناح روڈ نمائش چورنگی پر بھی مرکزی کیمپ قائم کردیا ہے جہاں عزاداروں حسینؓ کو طبّی سہولیات کی فراہمی کیلئے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے قائم طبّی کیمپوں پر ایم کیوایم میڈیکل ایڈ کمیٹی کے ڈاکٹرز،پیرامیڈیکل اسٹاف کا عملہ اور خدمت خلق فاؤنڈیشن کے رضا کار اپنی خدمات انجام دے رہے ہیں اور ہمہ وقت عزاداران حسینؓ کو علاج ومعالجہ کی سہولیات فراہم کریں گے جبکہ ہنگامی صورتحال سے نمٹنے اور زخمیوں کو اسپتال منتقل کرنے کیلئے بھی جدید طبی سہولیات سے آراستہ خدمت خلق فاؤنڈیشن کی ایمبولنسیں کو ماتمی جلوسوں کے ساتھ کیا گیا ہے۔ماتمی جلوسوں کی گزرگاہوں پر استقبالیہ کیمپوں میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان،حق پرست ارکان اسمبلی،امن کمیٹیوں کے اراکین جلوسوں کے شرکاء کا استقبال کریں گے اور شربت وپانی کی سبیلوں سے عزاداران حسینؓ کی پیاس بجھائیں گے۔

## محرم الحرام میں شہدائے کربلا کی عظیم قربانیاں سب کیلئے مشعل راہ ہیں، علامہ طالب جوہری، مولانا تنویر الحق تھانوی
## رابطہ کمیٹی کے رکن شعیب احمد بخاری کی محرم الحرام میں فرقہ وارانہ ہم آہنگی کے فروغ کیلئے علمائے کرام سے ملاقاتیں

کراچی۔۔۔16، دسمبر 2010ء

محرم الحرام میں فرقہ وارانہ ہم آہنگی اور قیام امن کیلئے ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن شعیب احمد بخاری نے گزشتہ روز معروف عالم دین علامہ طالب جوہری اور ممتاز عالم دین مولانا تنویر الحق تھانوی سے علیحدہ علیحدہ ملاقاتیں کیں اور ان سے محرم الحرام میں تمام مسالک اور فقہوں کے درمیان پیار، محبت اور بھائی چارے کی فضا کے قیام کیلئے اپنا بھرپور کردار ادا کرنے کی اپیل کی۔ اس موقع پر حق پرست رکن قومی اسمبلی شیخ صلاح الدین، حق پرست رکن سندھ اسمبلی امام الدین شہزاد، ایم کیوایم کی علماء کمیٹی کے انچارج جاوید احمد، اراکین انور رضا اور محمد ناصر یامین بھی موجود تھے۔ ملاقات میں علامہ طالب جوہری اور مولانا تنویر الحق تھانوی نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ محرم الحرام سے ہی اسلامی مہینے کا آغاز ہوتا ہے اور اس ماہِ مقدس میں شہدائے کربلا کی عظیم قربانیاں سب کیلئے مشعل راہ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ محرم الحرام میں فرقہ وارانہ ہم آہنگی کی فضا کو سبوتاژ کرنے والے عناصر ہم میں سے نہیں ہیں اور یہ عناصر نہ صرف دین اسلام بلکہ ملک وقوم کے کھلے دشمن ہیں۔ انہوں نے تمام مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے علمائے کرام سے اپیل کی کہ وہ اپنے خطبات اور تقاریر میں فرقہ وارانہ ہم آہنگی اور ایک دوسرے کے مسالک اور فقہوں کے احترام کا درس دیں۔ ملاقات میں علامہ طالب جوہری اور علامہ تنویر الحق تھانوی نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے محرم الحرام میں فرقہ وارانہ ہم آہنگی کے فروغ کیلئے عملی کردار کو سراہا اور جناب الطاف حسین کی درازی عمر اور صحت وتندرستی کیلئے خصوصی دعا کی۔ دریں اثناء حق پرست قومی اسمبلی رشید گوڈیل کی سربراہی میں ایم کیوایم کے وفد نے 9 محرم الحرام کو مارٹن کوارٹر جمشید روڈ امام بارگاہ شاہِ نجف سے برآمد ہونیوالے مرکزی ماتمی جلوس میں شرکت کی۔ وفد میں ایم کیوایم کی متحدہ علماء کمیٹی کے انچارج جاوید احمد ودیگر اراکین اور پی آئی بی جہانگیر روڈ سیکٹر کمیٹی کے ارکان سمیت ذیلی یونٹوں کے عہدیداران بھی شامل تھے۔ امام بارگاہ شاہِ نجف سے برآمد ہونیوالا مرکزی ماتمی جلوس نشتر پارک پر اختتام پذیر ہوا۔ اس موقع پر ایم کیوایم کی جانب سے عزاداران حسینؑ کیلئے جلوس کی گزرگاہوں پر شربت اور پانی کی سبیلیں بھی لگائی گئیں تھی۔

☆☆☆☆☆